thriftless (thrift'les) *n.* — فضول خرچ،

اڑاؤ، مسرف، جزرس

thrifty (thrift-i) کفایتی، کم خرچ، کنجوس

thrill (thirl) ❶ *v.t.* چھیدنا، سرسرانا، سنسنی پیدا کرنا

❷ *n.* ہیجان، کپکپی، لرزش، سنسنی

thrive (thriv) *v.i.* خوشحال ہونا، سرسبز ہونا، کامیاب ہونا، پھلنا، پھولنا، پنپنا

throat (throt) *n.* حلق، گلا

throb (throb) *v.t.* پھڑکنا، دھڑکنا

throe (thro) *n.* سخت درد، جانکنی، دردزہ

throne (thron) *n.* تخت شاہی، سنگھاسن، مسند، گدی

throng (throng) ❶ *n.* مجمع، ہجوم، اجتماع، انبوہ

❷ *v.t & i.* جمع ہونا

throttle (thro'tl) ❶ *n.* نرخرہ، ٹیٹرہ، زخرہ، حلق

❷ *v.t.* دم گھٹنا، گلا گھونٹنا

through (throo) *prep.* سراسر،

بذریعۂ کے توسط سے

throughout (throo-owt) *prep.*

سرتاپا، تمام، سراسر

throw (thro) *v.t & i.* پھینکنا، چلانا

چھوڑنا، دے مارنا

thrush (thrus) *n.* طوطی، مُنہ کے چھالے

قلاع

thrust (thrust) *v.t.* گھسانا، بھونکنا

چبھونا

thud (thud) *n.* دھماکا

thumb (thum) ❶*n.* انگوٹھا

thumb

❷ *v.t. & i.* اناڑی پن سے ہاتھ میں لینا،

ہاتھ لگا کر میلا کرنا

thump (thump) ❶*v.t. & i.*

تھپتھپانا، دھم سے گرنا

❷ *n.* دھماکا

thunder (thund'ur) ❶*n.*	گڑگڑاہٹ، گرج
❷ *v.t.*	گرجنا
thus (thus) *adv.*	اس طرح، یہاں، ایسا
thwack (thwak) ❶*v.t.*	ٹھونکنا، مارنا
❷ *n.*	دھول، دھماکا
thwart (thwawrt) ❶*v.t.*	پار ہونا، مخالف ہونا، روکنا، مزاحمت کرنا، ترچھا ہونا
❷ *n.*	
thy (thi) *adj.*	تیرا، اپنا
tiara (tia'ra) *n.*	کلغی، ٹنکٹ، طرہ، تاج، جیغہ
tick (tk) *n.*	اعتبار، ساکھ، توشک، گھڑی کی ٹک ٹک
ticket (tik'et) *n.*	پروانہ، ٹکٹ
tickle (tik'l) *v.t.*	گدگدانا، سہلانا، خوش کرنا
tidbit (tid'bit) *n.*	لطیفہ، چٹپٹی بات، مزیدار لقمہ، تر نوالہ

tide (tid) *n.* جوار بھاٹا' وقت

tidewaiter (tid 'wat-ur) *n.* مُحصِل

دار جو مال کے اُترنے کی نگرانی کرتا ہے

tidings (tid 'ingz) *n. pl.* اِطلاع'

خبر' مژدہ' بشارت' سندیسہ' نوید

tidy (tid 'i) *adj.* صاف' سُتھرا' پُر سلیقہ

tie (ti) ❶ *v.t.* باندھنا' کسنا' گانٹھنا

tie

❷ *n. knot;* گِرہ' بندنائی

tier (ter) *n.* صف' درجہ' قطار

tiffin (tif 'in) *n.* کھانا' دوپہر کا کھانا'

ناشتہ

tiger (tig 'ur) *n.* پلنگ' شیر' تیندوا

tiger

tight (tit) *adj.* جکڑا ہُوا' مضبوط' کسا ہُوا'

سخت

tighten (tit'en) *v.t.* کسنا، تنگ

tigress (tig'res) *n.* شیرنی، مادہ شیر

tile (til) ❶*n.* کھپرا، انٹریا، ٹائیل

❷ *v.t.* کھپریل ڈالنا

till (til) ❶*n.* روپیہ رکھنے کا صندوق، گلہ

till

❷ *prep.* وقت تک، تک

❸ *adv.* جب تک کہ

❹ *v.t.* ہل چلانا، جوتنا، کاشت کرنا

tilt (tilt) ❶*n.* نیزہ بازی، وار، جھکاؤ، ڈھلوان

❷ *v.t.* ٹیڑھا ہونا

timber (timb'ur) *n.* عمارتی لکڑی،

درخت کا تنا، شہتیر

time (tim) *n.* وقت، ایام، موقع، ٹائم

timely (tim'li) *adj.* بروقت، موقع

سویرے، باموقع، مناسب وقت پر، برمحل

timepiece (tīm'pēs) *n.* — گھڑی

timid (tim'id) *v.* — بُزدل' ڈرپوک' شرمیلا

timidity (tim'id-i-ti) *n.* — بُزدلی'
خوف' ڈرپوک پن' بے حد شرمیلا پن

tin (tin) ❶ *n.* — ٹین' ٹین کا ڈبہ

❷ *v.t.* — ٹین سے مڑھنا' رانگ کی قلعی کرنا

tincture (tingkt'ur) ❶ *n.* — ہلکا رنگ'
مرکب دوا' جھلک' رنگ

❷ *v.t.* — رنگ دینا

tinder (tin'der) *n.* — شے آتش گیر'
سوختہ' آتش

tine (tin) *n.* — کانٹے کی نوک' شاخ' کانٹا'
شاخہ' سینگ

tinge (tinj) ❶ *v.t.* — رنگت دینا' داغنا

❷ *n.* — رنگ' جھلک' ذائقہ' چاشنی' شائبہ' ہلکا سا اثر

tingle (ting'l) *v.i.* — سنسنانا' جھنجھنانا'
بے چین ہونا

tinker (tink'er) *v.t.* — گانٹھنا' جوڑنا

tinkle (tink'l) *v.i.* — جھنجھنانا' ٹھنٹھنانا

tinsel (tin'sel) *n.* جھوٹا گوٹا کناری،

کم قیمت اور نمائشی چیز

tint (tint) *n.* ہلکا رنگ، جھلک

tiny (tin-i) *adj.* ذرا سا، ننھا، چھوٹا، ٹینی

tip (tip) *n.* سرا، نوک، بخشیش

tipple (tip'pl) *v.i. & t.* چوسنا، گھونٹ لینا، شراب لینا، کثر شراب پیا

tipsy (tip'si) *adj.* مست، متوالا، مدہوش،

دُھت

tiptoe (tip'to) *v.i.* پاؤں کی انگلی کا سرا

tirade (tir'ad) *n.* شایت آمیز راگ،

زبان درازی کا سلسلہ، طویل تقریر

tire (tir) ❶ *n.* پہیے کی ہل، پوشاک، کلاہ،

صف، قطار، ٹائر

❷ *v.t.* تھکنا، پہیے پر ہال چڑھانا

tiresome (tir'som) *adj.* تھکانے

والا، اُکتانے والا، تکلیف دہ

tissue (tis'u) *n.* زربفت، بادلا، رگ،

سلسلہ، تسبیح، بافت، ریشہ

tithe (ti'th) *n.* دسواں حصہ، وہ حصہ جو

پادریوں کے لیے مقرر کیا جاتا ہے عشر

titillate (tit´il-at) *v.t.* — گدگدانا

اکسانا' گدگدی کرنا

titillation (tit´il-a-shun) *n.*

گدگداہٹ' سرسراہٹ' گدگدی

title (ti´tl) ❶*n.* — نام' عنوان' خطاب' لقب

❷ *v.t.* — نام رکھنا' خطاب دینا

titter (tit´ur) ❶*v.t.* — دبی ہنسی ہنسنا

❷ *n.* — مُسکراہٹ

tittle (tit´l) *n.* — رتی' ریزہ' ذرہ' رتی' شمہ

tittle-tattle (tit´tl-tat´tl) *n.*

بکواس' گپ شپ' یاوہ گوئی' بےفائدہ گفتگو

to (to) *prep.* — کو' طرف' جانب

toad (tod) *n.* — مینڈک' غوک' بھدا'

مکروہ شخص

toad

toast (tost) ❶*v.t.* — خوب گرم کرنا' بھونا

سینکنا' کسی کی سلامتی کا جام پیا' ٹوسٹ

❷ *n.* سینکی ہوئی بُھونی ہوئی ڈبل روٹی

❸ *n.* وہ شخص جس کی سلامتی کا جام پیا جائے

tobacco (to-bak'u) *n.* تمباکو

tobacconist (to-bak'o-nist) *n.*

تمباکو فروش' تمباکو کا کاروبار کرنے والا

tod (tod) *n.* پونڈ وزن میں' لومڑی' 28

عشق پیچاں کی جھاڑی' مکار شخص

to-day (to-da) *n.* آج' امروز

toe (to) *n.* پاؤں کی اُنگلی

toe

toga (toga) *n.* قبا' فرغل' چوغہ' چغہ

together (too-geth'ur) *adv.* ہمراہ' باہم' ساتھ ساتھ

toil (toil) ❶*v.i.* مشقت کرنا' محنت کرنا

❷ *n.* مشقت

toilet (toil'et) *n.* سنگار میز' پوشاک کی وضع' سنگھار' غسل خانہ

token (tok'n) *n.* علامت، نشانی، یادگار

tolerable (tol 'ur-a-bl) *adj.* قابلِ برداشت، کارروائی کے لائق، کسی قدر اچھا، گوارا

tolerance (tol 'ur-ans) *n.* برداشت، تحمل، رواداری

tolerate (tol 'ur-at) *v.t.* روا رکھنا، برداشت کرنا، گوارا کر لینا

toleration (tol 'ur-a-shun) *n.* تحمل، برداشت، رواداری، بردباری، مذہبی آزادی

toll (tol) *n.* محصول، راہداری، گھنٹے کی آواز

tomato *n.* سُرخ پھل، ٹماٹر

tomb (tomb) *n.* گور، قبر، مرقد، مقبرہ، مزار شریف

tom cat (tom cat) *n.* بلاؤ، نرگربہ، بلا

tome (tom) *n.* جلد، کتاب

tomfool (tom 'fool) *n.* احمق، غبی، ناتراش

to-morrow (to-mor 'o) *n.* آئندہ، کل، فردا

tomtit (tom 'tit) *n.* پدڑی، پھدکی، ایک چھوٹا پرندہ

ton (ton) *n.* گیارا سو کیلو کا وزن، ٹن

tone (ton) *n.* رنگ، سُر، آواز، لہجہ

tongs (tongz) *n. pl.* چمٹا، دست پناہ

tongue (tung) *n.* جیبھ، زبان، گفتار، بولی

tonic (to'nik) ❶*adj.* قوت بخش، آواز کے متعلق

❷ *n.* مقوی دوا، ٹانک

tonight (to-night') *n.* آج رات

tonsil (ton'sil) *n.* گلے کی گلٹی، گلے کا غدود

too (too) *adv.* زیادہ، بہت، بھی، علاوہ ازیں

tool (tool) *n.* ٹول، اوزار، آلہ، دوسرے کا غلام، آلہ کار

tooth (tooth) *n. pl.* دنداں، دانت، ٹوتھ

toothache (tooth'ak) *n.* دانت کا درد

toothsome (tooth'sum) *adj.*

خوش ذائقہ، لذیذ، مزیدار، مرغوب

top (top) ❶*n.* چوٹی، بلندی، بلند ترین درجہ، لٹو

❷ *v.t.* سبقت لے جانا، اوپر چڑھنا

topaz (to'paz) *n.* پکھراج، زرد یاقوت، ایک قیمتی پتھر

topic (top´ik) *n.* موضوع، مدعا، گلا گانے کی دوا

topple (top´l) *v.i.* ڈگمگا کر گرنا، چت کر دینا

topsail (top´sal) *n.* اوپر کا بادبان

torch (torch) *n.* فلیتہ، مشعل، قندیل، علم، ٹارچ

torch

torment (tor´ment) ❶ *n.* عقوبت، تکلیف، اذیت، عذاب

❷ *v.t.* اذیت دینا، دق کرنا، تکلیف دینا

tornado (tor-na´do) *n.* طوفان، آندھی، جھکڑ، بگولہ

torpid (tor-pid) *adj.* سن، بے حس و حرکت، کاہل، بے عمل، سست

torpidity (tor-pid´i-ti) *n.*

بے حسی، مجہولی، سستی

torpor (tor'por) *n.* بے حسی، بے حرکتی، مجہولی، سستی، خوابیدگی

torrefy (tor'e-fi) *v.t.* آگ سے خشک کرنا، جلانا، بھوننا، تپانا، بریاں کرنا

torrent (tor'ent) *n.* برساتی نالہ، سیلاب

torrid (tor'id) *adj.* نہایت گرم، حار

torsion (tor'shun) *n.* اینٹھنا، کسنا، مروڑ

tort (tort) *n.* حق تلفی، نقصان، ہرجہ

tortoise (tor'toiz) *n.* کچھوا، سنگ پشت

tortoise

torture (tor'tur) *n.* اذیت، صعوبت، تکلیف، عذاب

tortutuous (tor'tu'us) *adj.*

پیچدار، گمراہ، کج، ٹیڑھا

toss (tos) *v.t.* اُچھالنا' پھینکنا' ہلچل مچانا' ڈانوا ڈول ہونا

total (to'tal) ❶ *adj.* جملہ' مجموعہ' تمام' کُل

❷ *n.* میزان

totality (to-tal'i-ti) *n.* میزان' جملہ' کُل تعداد' کُلیت

totter (to-tal'i-ti) *n.* میزان' جملہ' کُل تعداد' کُلیت

totter (tot-ur) *v.i.* لغزش کھانا' ڈگمگانا' چکرانا

touch (tuch) *v.t. & i.* چھونا' مس ہونا' اثر کرنا

touchstone (tuch'ston) *n.* کسوٹی' معیار' معیار' محک

touchy (tuch'i) *adj.* زود رنج' تنک مزاج' تُند خُو' تُند مزاج

tough (tuf) *adj.* سخت' مضبوط' کڑا' سخت جان

toughen (tuf'n) *n.* & *v.t.*	کڑا کرنا' سخت کرنا
tour (toor) *n.*	دورہ' گشت' سفر کرنا
tourist (toor'ist) *n.*	سیاح' ٹورسٹ
tournament (toor'na-ment) *n.*	فن سپاہ گری کی بازی' تیز ہ بازی' کھیلوں کا مقابلہ' ٹورنامنٹ
tout (towt) ❶ *v.i.*	خوشامد کرنا' گاہکوں کو بلانا' دلالی کرنا
❷ *n.*	پیچھے پڑنے والا' دلال
tow (to) *n.*	السی' کہتان' موٹا سن یا پٹ سن
toward (to'ard) ❶	جانب' طرف
❷ *adv.*	قریب' جاری یا رواں' موافق' موزوں' تربیت پذیر
towel (tow'el) *n.*	تولیہ' انگوچھ' پونچھنے کا کپڑا
tower (tow'er) *n.*	بُرج' مینار' قلعہ' ٹاور
towering (tow'er-ing) *adj.*	بلند' اونچا' ارفع' بلند وبالا

town (town) *n.* — قصبہ، قصبہ میں رہنے والا، شہر

towntalk (town-tawk) *n.* — افواہ، چرچا

toxin *n.* — جراثیمی زہر، نامیاتی زہر

toy (toy) ❶*n.* — کھلونا، ناچیز شے

❷ *v.t.* — چوچلے کرنا

trace (tra's) ❶*n.* — کھوج، علامت، نشان

❷ *v.t.* — چربہ اتارنا، کھوج نکالنا

tracery (tras'er-i) *n.* — بیل بوٹے یا نقش و نگار، زیبائشی سنگی کام، آرائشی کام

tracery

track (trak) *n.* — نقشِ پا، پگڈنڈی، راستہ

tract (trakt) *n.* — علاقہ، ملک، دیس، ضلع، کتابچہ، دورانیہ

tractable (trakt'abl) *adj.* — حکم پذیر، سیدھا سادہ، ترتیب پذیر، حکم بردار

tractor (trak'tor) *n.* — ٹریکٹر' ہل چلانے یا کوئی اور مشین کھینچنے والی مشین

tractor

trade (trad) *n.* — تجارت' سوداگری' پیشہ' بیوپار' کاروبار' ٹریڈ

trade-mark (trad-mark) *n.* — کارخانہ کا نشان' تجارتی نشان' تجارتی کام' ٹریڈ مارک

tradition (tra-dish'un) *n.* — قصہ' حدیث' روایت' سنت' رواج' ریت

traditional (tra-dish'un-al) *adj.* — روایتی' رواجی' سینہ بہ سینہ

traduce (tra-dus') *v.t.* — الزام دینا' بدنام کرنا' تہمت لگانا' عیب لگانا

traffic (trafik) ❶ *n.* — آمدورفت' ٹریفک

❷ *v.t.* — تجارت کرنا' چھوٹا بیوپار کرنا' لین دین کرنا

tragedy (traj'e-di) *n.* المیہ' غم ناک واقعہ کا ڈرامہ

trail (tral) *v.t.* گھسیٹنا' کھوج نکالنا' کھینچنا

train (tran) ❶ *v.t.* کھینچنا' تربیت دینا' سدھارنا

❷ *n.* ریل گاڑی' پیچھے آنے والا

trait (trat) *n.* خصلت' خدوخال' طرہ امتیاز

traitor (trat'ur) *n.* دغاباز آدمی' مکار' باغی' نمک حرام' بے وفا' غدار

traitorous (trat'or-us) *adj.* دغاباز' ملک دشمن' غدار صفت

trammel (tram'el) *n.* جال' آنکڑا' پابند' روک

tramp ❶ *v.t.* کچلنا' روندنا

❷ *n.* پیدل سفر کرنا' آوارہ گرد

trance (trans) *n.* بیہوشی' بے خودی

tranquil (tren'kwil) *adj.* بے حس و حرکت' ساکت' خاموش

tranquillise (tran'kwiliz) *v.t.* خاموش کرنا، تسکین دینا، ٹھنڈا پڑ جانا

tranquillity (tran'kwil-iti) *n.* تسکین، اطمینان، شانتی، قرار، سکون، طمانیت، آسودگی

transact (trans-akt') *v.t. & i.* کاروبار کرنا، مقابلہ کرنا، انتظام کرنا، سودا یا معاملہ کرنا یا ہونا

transactin (trans-ak'shun) *n.* سربراہی، کاروبار، اہتمام، سودا، معاملہ، لین دین

transcend (tran'send) *v.t. & i.* بڑھنا، بلند ہونا، حد سے گزرنا، فوقیت لے جانا، فائق ہونا

transcedent (tran-sen'dent) *adj.* نہایت خوب، فائق، اعلیٰ، برتر، افضل، ارفع، ماورا

transcendental (trans-sen- den'tal) عمدہ، بہترین، افضل

a.

transcribe (tran-skrib') *v.t.* اتارنا، نقل کرنا، ریکارڈ کرنا

transcript (tran'skript) *n.* — نقل، چربہ، نسخہ

transcription (tran-skip'shun) *n.* — نقل نویسی، نقل، نقل نگاری، نثر نگاری

transfer (trans'fur) ❶ *v.t.* — منتقل کرنا، تبدیل کرنا، داخل خارج کرنا

❷ *n.* — تبدیلی، انتقال، بدلی، ٹرانسفر

transfiguration (trans-fig-ura'shun) *n.* — تبدیلی صورت

transfigure (trans-fig'ur) *v.t.* — صورت بدلنا، تبدیل ہیت کرنا

transfix (trans'fix) *v.t.* — حواس باختہ کرنا، آرپار کرنا، چھید ڈالنا

transform (trans'form) *v.t.* — بدلنا، شکل دینا، صورت تبدیل کرنا، ٹرانسفارم

transformation (trans-for-ma'shun) *n.* — تبدیل صورت و ہیت، تبدیلی، تقلب، آواگون، استحالہ

transgress *v.t. & i.* — تجاوز کرنا، توڑنا، گناہ کرنا، خطا کرنا

transgression (trans-gresh'un) *n.* تجاوز، عدول حکمی، جرم، انحراف، خلاف ورزی، قانون شکنی

transit (tran'sit) *n.* گزر جانا، چلنا، روانگی، راستہ، تبدیلی، بدل

transition (tran'zi-shun) *n.* روانگی، تبادلہ، تغیر، زمانہ تبدیلی، عبور، نقلِ مکانی

translate (trans'lat) *v.t.* ترجمہ کرنا

translation (trans-la'shun) *n.* ترجمہ، انتقال، ٹرانسلیشن، تبدیل شدہ صورت

translator (trans-la'tor) *n.* مترجم، ٹرانسلیٹر، ترجمہ کرنے والا، ترجمان

transmission (trans-mis'shun) *n.* روانگی، ارسال، ترسیل، انتقال

transmit (trans'mit) *v.t.* بھیجنا، روانہ کرنا

transmute (trans'mut) *v.i.* بدلنا، جنس بدلنا، قلب ماہیت کرنا، تقلیب کرنا

transparent (trans-par'ent) *adj.* براق، شفاف، صاف

transpierce (trans-pic's) چھیدنا، آر پار کرنا، سوراخ کرنا، اخراج بخارات

transpire (trans-pir') *v.t. & i.* مسامات سے بخارات نکلنا' معلوم ہو جانا' ظاہر ہونا

transport (trans'port) ❶ *n.* ربرداری' اسباب کا ایک جگہ سے دُوسری جگہ لے جانا' ڈھونا' ٹرانسپورٹ

❷ *v.t.* جلاوطن کرنا' خوشی سے بے خود کرنا

transportable (trans'port'a-bl) *adj.* قابل جلاوطنی' قابل نقل و حمل' نقل پذیر

transportation (trans-por'ta- shun) *n.* جلاوطنی' کالا پانی' انتقال مکان' بار برداری' نقل و حمل

transposal (trans'poz-al) *n.* بدلی' تبادلہ' جگہ یا ترتیب کی تبدیلی

transpose, (trans'poz) *v.t.* جگہ بدلنا' ترتیب بدلنا' ایک کی جگہ دوسرے کو رکھنا' پلٹنا

transposition (trans-po-zi' shun) *n.* جگہ کی تبدیلی' انتقال' الٹ پھیر' الفاظ کی تبدیلی

transude (tran'sud) *v.i.*	مسامات سے پسینہ نکلنا، نفوذ کرنا
transverse (trans'vers) ❶*adj.*	ترچھا، آڑا، قاطع
❷ *v.t.*	تبدیل کرنا، بدلنا
trap (trap) ❶*n.*	پھندا، دام، کمین گاہ، گھات، کمند
❷ *v.t. & i.*	دام میں پکڑنا، سجانا
trappings, (trap'ingz) *n. pl.*	سازوسامان، زیبائش
trash (trash) *n.*	ردی اشیاء، کوڑا کرکٹ
trashy (trash'i) *adj.*	ہیچ، ناکارہ، ذلیل
travel (trav'el) ❶*v.t. & i.*	چلنا، سفر کرنا، مسافت طے کرنا
❷ *n.*	سفر
traveller (trav'el-ur) *n.*	مسافر
traverse (trav'urs) ❶*adj.*	ترچھا، آڑا
❷ *v.t.*	آڑا کرنا، پار کرنا، انکار کرنا، آگے پیچھے چلنا، آگے بڑھنا

trawl (trawl) ❶ *n.* جال، دام

❷ *v.i.* جال سے مچھلی پکڑنا

tray (tra) *n.* کشتی، خوانچہ، تھال، طشتری، پرات، ٹرے

tray

treacherous (tech'ur-us) *n.* دغاباز، بے ایمان، عین موقع پر دھوکا دینے والا، غدار، باغی

treachery (teach'ur-i) *n.* دغابازی، بے وفائی، بے ایمانی، غداری، بغاوت

treacle (tre'kl) *n.* شیرہ، راب، گڑ، بعض درختوں کا رس

tread (trad) *v.t. & i.* چلنا، پاؤں رکھنا، کچلنا

treason (tre'zn) *v.* بغاوت، بے وفائی، غداری

treasure (trezh'ur) *n.*	خزانہ، گنج، روکڑ، ذخیرہ
treasury (trezh'ur-i) *n.*	خزانہ، گنجینہ، مخزن، محکمہ خزانہ، سررشتہ مال
treat (tret) ❶ *v.t.*	سلوک کرنا، علاج کرنا
❷ *n.*	دعوت، ضیافت
treatise (tret'iz) *n.*	رسالہ، نسخہ، صحیفہ، مقالہ
treatment (tret'ment) *n.*	سلوک، برتاؤ، علاج
treaty (tret'i) *n.*	عہدو پیمان، صلح نامہ، معاہدہ
treble (treb'l) *adj.*	سہ چند، تگنا، تین گنا، سہ گونہ
tree (tre) *n.*	درخت، پیڑ، شجر، رکھ

tree

trellis (trellis) *n.*	جالی، جھنجھری، جعفری
tremble (trem'bl) *v.i.*	کانپنا، لرزنا، تھرتھرانا
tremendous (tre-men'dus) *adj.*	ہیبت ناک، تُند، ہولناک
tremor (tre'mor) *n.*	کپکپی، تھرتھراہٹ، رعشہ، لرزش
tremulous (trem'u-lus) *adj.*	لرزاں، تھرتھراتا ہوا، کانپتا ہوا
trench (trench) ❶ *v.t.*	دخل دینا، کھائی بنانا، خندق کھودنا
❷ *n.*	خندق، کھائی
trepidation (trep-id-a'shun) *n.*	کپکپی، لرزہ، گھبراہٹ، رعشہ، اضطراب
trespass (tres'pas) ❶ *v.i.*	مداخلت بے جا کرنا، دست اندازی کرنا
❷ *n.*	تجوز، مداخلت بے جا
tress (tres) ❶ *n.*	لٹ، زلف، گیسو
❷ *n. pl.*	لٹ، کاکل

trestle (tres'l) *n.* میز کا ڈھانچہ

tresty

trevet (trev't) *n.* تپائی

trial (tri'al) *n.* مقدمہ، امتحان، آزمائش، جانچ

triangle (tri'ang-gl) *n.* مثلث، تکون، مثلیث، ایک ساز

triangular (tri'ang-gu-lar) *adj.*

مثلثی، تکونیا، سہ گوشہ، تین کونوں والا

tribe (trib) *n.* فرقہ، قوم، قبیلہ

tribulation (trib-u-la'shun) *n.* رنج، تکلیف، مصیبت، آفت، آزار، ابتلا، آزمائش

tribulate *v.t.* دکھ دینا، آزار پہنچانا

tribulate *v.t.* دکھ دینا، آزار پہنچانا

tribunal (tri-bu'nal) *n.* محکمہ عدالت، مسند انصاف، ٹربیونل، خصوصی عدالت، مقامی

کمیٹی

tributary (trib-u-tar'i) ❶*adj.* باج گزار، خراج گزار، مطیع

❷ *n.* معاون

tribute (trib 'ut) *n.* باج' خراج' نذر

trice (tris) *n.* لحظہ' پل' لمحہ' بہت کم وقت

trick (trik) *n.* مکر' فریب' شعبدہ بازی' داؤ پیچ

tricketry (trik 'et-ri) فریب' دغا بازی' مکر

trickle (trik 'l) *v.i.* بہنا' رسنا' ٹپکنا' گرنا

tricky (trik 'i) *adj.* عیار' مکار' فریبی

triennial (tri-en 'ni-al) *adj.* سہ سالہ' تین سال کا

trifle (tri 'fl) *n.* ناچیز شے' ہیچ چیز' ایک قسم کی مٹھائی

trifling (trifl 'ing) *adj.* ناچیز' بے قدر' ہیچ' حقیر

trig (trig) *v.t.* روک لگانا' آراستہ کرنا

trigger (trig 'ur) *n.* بندوق کا گھوڑا' لبلبی

trigger

trill (tril) *n.*	ترانہ آواز کی لغزش لرزتی آواز میں گانا تھرتھراتی آواز
trillion *n.* ❶	دس کھرب ٹریلین
❷	ایک کروڑ کھرب
trim (trim) *n. & v.t.*	ٹھیک کرنا آراستہ کرنا قائم کرنا
trimming (trim'ing) ❶	تراش خراش آرائشی اشیاء
❷ *pl.*	زیبائش کی چیزیں
trinal (trin'al) *adj.*	سہ چند تگنا
trip (trip) ❶ *v.i.*	ٹھوکر کھانا گشت کرنا
❷ *n.*	ٹھمک چال تفریحی سفر
tripedal (tri-ped-al) *adj.*	سہ پایہ
triphthong (trif-thong) *n.*	تین حروف علت کا اجتماع
triple *adj.*	تگنا سہ چند تہرا

triplet (trip'let) سہ مصرعی، تین کا مجموعہ، ثلاثی

triplicate (trip'li-kat) *adj.* تگنا، سہ چند، تہرا

tripper (trip'ur) *n.* سبک قدم چلنے والا، سیر و سیاحت کا شوقین

trisect (tri'sekt) *v.t.* تین مساوی حصوں میں تقسیم کرنا

trisyllable (tri-sil'a-bl) *n.* تین ٹکڑوں کا لفظ، سہ صوتیہ

trite (trit) *adj.* پرانا، قدیم، کہنہ، عام یا مشہور

triturate (trit'u-rat) *v.t.* باریک کرنا، پیسنا، سفوف بنانا

triumph (tri'umf) *n.* کامیابی، ظفر یابی، فتح یابی، جیت

trivial (triv'i-al) *adj.* سبک، ناچیز، خفیف، ہیچ، معمولی، گھٹیا، غیر اہم

troll (trol) *v.t.* گھمانا، آزادیا زور سے گانا، چکر دینا

trollop (trol'up) *n.*	پھوہڑ' بے شعور لڑکی' آوارہ عورت
troop (troop) *n.*	غول' فوج' گروہ' دستہ
trooper (troop'ur) *n.*	سوار' لشکری' گھڑسوار' رسالے کا سپاہی
trophy (trof'i) *n.*	انعام' فتح کی نشانی' ٹرافی
tropic (trop'ik) *n.*	سرطان و خط جدی کی منطقہ حارہ
tropical (trop'ik-al) *adj.*	خط سرطان یا جدی کے قریب' گرم' گرم ملکوں کا
trot (rot) ❶	دُلکی چلنا
❷ *n.*	دُلکی چال
troth (troth) *n.*	ایمان' دیانت
trouble (trub'l) ❶*v.t.*	تکلیف دینا' دُکھ دینا' تنگ کرنا' ستانا
❷ *n.*	تکلیف' بے آرامی' زحمت' پریشانی' مصیبت

troublesome (trub'l-sum) *adj.* تکلیف دہ، رنج دہ، ناگوار، ایذا رساں

troublous (troub'l-us) *adj.* درہم برہم، ابتر

trough (trof) *n.* ناند، کونڈا

trounce (trowns) *v.t.* بہت مارنا، سخت سزا دینا، پیٹنا، زدوکوب کرنا

troupe (troop) *n.* گروہ، طائفہ، جماعت، منڈلی

trousers (trouz'erz) *n.* پاجامہ، شلوار

trow (tro) *v.t.* سوچنا، خیال کرنا، اعتبار کرنا، قیاس کرنا

trowel (trow'el) *n.* کھرپی، کونڈی، کرنی

trowel

truant (troo'ant) *adj.* مقررہ وقت پر غیر حاضر شخص، آوارہ، بھگوڑا

truce (troos) *n.*	عارضی مصلح مُہلت وقفہ
truck (truk) ❶*v.t. & i.*	لین دین کرنا
truculent (treo ku-lent) *adj.*	پاؤں پاؤں چلنا پاؤں گھسیٹنا
true (tru) *adj.*	راست سچا ٹھیک بجا حقیقی باوفا
truffle (truf 'fl) *n.*	کھمبی کیکروندا
truism (tru 'izm) *n.*	سچائی راستی حق بات امر مسلمہ صداقت
truly (tru 'li) *adv.*	سچی راستی حق بات امر مسلمہ صداقت
truly (tru 'li) *adv.*	سچی ٹھیک ٹھیک درحقیقت سچے دل سے وفاداری سے
trumpery (trump 'ur-i) *n.*	بیہودہ گفتگو ناچیز اشیا فضول دلیل بازی
trumpet (trump 'et) ❶*n.*	ترم شہنائی
❷ *v.t.*	منادی کرنا مشہور کرنا

trumpeter (trum'pe-tur) *n.*	شہنائی بجانے والا
truncate (trungk'at) *v.i.*	کاٹنا، چھانٹنا، قلم کرنا، کاٹ چھانٹ کرنا، تراشنا
truncation (trungk'a-shun) *n.*	کاٹ چھانٹ، تراش خراش، قطع برید
truncheon (trun'shun) ❶ *n.*	چھڑی، لاٹھی، ڈنڈا
❷ *v.t.*	
trundle (trun'dl) ❶ *n.*	گول چیز، ٹھیلا، چھوٹا پہیہ
❷ *v.t. & i.*	لڑھکانا، لڑھکنا
trunk (trungk) *n.*	دھڑ، تنا، ہاتھی کی سونڈ، لوہے کا بکس
truss (trus) *n.*	گدی، پرلا، پٹی، گھاس کا ڈھیر یا گٹھا
trust (trust) ❶ *n.*	اعتماد، بھروسہ، اعتبار
❷ *v.t.*	یقین کرنا، بھروسہ کرنا، اعتبار کرنا

trustee (trus tē) *n.* امانت دار' ذمہ دار' ٹرسٹی' امین' متولی

trustworthy (trust'wor-thi) *adj.* قابلِ اعتماد' اعتبار کرنے کے قابل' معتمد

trusty (trust'i) *n.* امانتدار' دیانتدار' معتبر

truth (truth) *n.* سچائی' ایمانداری' راست بازی' سچ' صداقت

truthful (truth'ful) *adj.* راست' صادق' سچا

try (tri) *v.t.* کوشش کرنا' آزمانا' جانچنا' پرکھنا' امتحان کرنا

tub (tub) *n.* ناند' نہانے کا بڑا برتن' ٹب

tube (tub) *n.* نالی' نل' چونگا' نلی' ٹونٹی

tubercle (tu-bur'kl) *n.* پھوڑا' گلٹی' پھنسی' دانہ

tubular (tub'u-lar) *adj.* نلی سا' نلی دار' نلی سے متعلق

tuck (tuk) *n.* دبانا' لپیٹنا

tuesday (tuz'da) *n.* سہ شنبہ' منگل وار' منگل

tuft (tuft) *n.* لچھا، گچھا، دستہ، کلاہ، کلغی، سرپیچ

tug (tug) *v.i.* کھینچنا، گھسیٹنا، زور لگا کر کھینچ لینا

tuition (tu-i-shun) *n.* تعلیم، پڑھائی، نگرانی، تربیت، اتالیقی، ٹیوشن

tulip (tu'lip) *n.* شقائق، گُلِ لالہ

tumble (tum'bl) *v.i. & t.* اُلٹا دینا، اُلٹ پلٹ کرنا، اوندھے مُنہ گر پڑنا، قلابازی کھانا

tumbler (tum'blur) *n.* آبخورہ، گلاس، گرہ باز کبوتر، لوٹن کبوتر، قلاباز

tumbrel (tum'brel) *n.* چھکڑا، بارود والا ٹھیلا

tumid (tu-mid) *adj.* سوجا ہُوا، اُبھرا ہُوا، مبالغہ آمیز، پھیلا ہوا

tumour (tu-mor) *adj.* پھوڑا، گلٹی، سوجن، رسولی، سلعہ

tumult (tu-mult) *n.* ہنگامہ، بلوہ، ہلچل، فساد، شورش، افراتفری

tumultuous (tu-mult-u-us) *adj.* فتنہ انگیز، تند، تیز، پُرآشوب، ہنگامہ خیز، پُرشور

tunable (tun-a-bl) *adj.* ہم آہنگ ' سُریلا ' موزوں سُر میں

tune (tun) *n.* آواز سُر ' راگ ' خوش مزاجی ' سرود ' خوش آہنگی ' تان

tuneful (tun'ful) *adj.* خوش آہنگ سُریلا ' رسیلا ' موزوں

tunic (tu'nik) *n.* کرتی ' چولی ' پیٹی دار کوٹ ' واسکٹ ' چوغہ

tunnel (tun'l) *n.* زمین دوز راستہ ' سُرنگ

turban (tur-ban) *n.* سربند ' دستار ' پگڑی ' عمامہ

turbid (tur'bid) *adj.* میلا ' گدلا ' مکدر

turbulence (tur'bu-lens) *n.* شورش ' فساد ' ہنگامہ ' اضطراب ' ہیجان ' کھلبلی

turbulent (tur'bu-lent) *adj.* موجزن ' پُر شور ' مفسد ' سرکش ' ہنگامہ خیز ' پُر آشوب

turf (turf) ❶ *n.* دُوب تختہ ' مٹی جس میں نباتات کی جڑیں ہوں

❷ *v.t.* گھاس والی مٹی سے دبانا

turgent (tur 'jent) *adj.* اُبھرا ہُوا' سوجتا ہُوا' پُھولتا ہُوا

turgid (tur 'jid) *n.* مُبالغہ آمیز' سوجا ہُوا' پُھولا ہُوا' متورم' پھیلا ہوا

turkey (tur 'ke) پیلو' فیل مُرغ

turmoil (tur 'moil) *n.* فساد' تکلیف' شورش' کھلبلی' ہنگامہ' افراتفری

turn (trun) ❶ *v.t. & i.* گھمانا' ڈول ڈالنا' بدلنا' موڑنا' مڑنا

❷ *n.* باری' تبدیلی' موڑ' چکر' گردش

turner (tur 'nur) *n.* رادیا' موڑنے یا پلٹنے والا شخص یا آلہ' پر اُتارنے والا' لوٹن
کبوتر

turnip (tur 'nip) *n.* شلجم' شلغم

turpitude (tur 'pi-tud) *n.* کمینگی' بدذاتی' شرارت' خباثت

turquoise *n.* فیروزہ

tusk (tusk) *n.* ب' لمبا' نوکیلا اور عموماً آگے نکلا ہوا دانت' ہاتھی کا دانت

tussle *v.t.* ❶ جھگڑنا، ہاتھا پائی کرنا، گتھم گتھا ہونا، کشتی کرنا

❷ *n.* لڑائی جھگڑا، کشمکش، مقابلہ

tutelar (tu-te 'lar) *adj.* محافظ، حامی، سرپرست، مربی

tutor (tu 'tor) *n.* سرپرست، ولی، اُستاد، ٹیوٹر

twaddle (twod 'l) *v.i.* بے ہودہ بکنا، بکواس کرنا، ہرزہ سرائی کرنا، اول فول بکنا

twain (twan) ❶ *adj.* دو

❷ *n.* جوڑا

tweak (twek) ❶ *v.t.* چٹکی بھرنا

❷ *n.* چٹکی

tweezers (twez 'urs) *n. pl.* چمٹی، موچنا

twelfth (twelfth) ❶ *adj.* بارہواں

❷ *n.* بارہواں، دوازدہم

twelve (twelv) *adj.* بارہ، دوازدہ

twenty (twen'ti) *adj.* — بیس، بیست

twice (twis) *adv.* — دوبارہ، دو مرتبہ

twig (twig) *n.* — ڈالی، ٹہنی، شاخ

twiggy (twig'i) *adj.* — ٹہنیوں سے بھرا ہُوا

twilight (twil'lit) *n.* — شفق، جھٹپٹا، سرِ شام، صبح کا دھندلکا

twin (twin) ❶ *n.* — جڑواں، توأم، ہمزاد

❷ *adj.*

twine (twin) ❶ *v.t.* — بل دینا، بٹنا

❷ *n.* — سُتلی، ڈوری

twinkle (twin'kl) ❶ *v.t.* — چمکنا، جگمگانا، جھلملانا

❷ *n.* — چمک جھپک، ٹمٹماہٹ

twinkling (twink'ling) *n.* — لحظہ، جھلملاہٹ، ٹمٹماہٹ

twirl (twirl) *v.t. & i.* — گھمانا، پھرانا، چکر دینا، چکر کھانا، گھومنا

twist (twist) *v.t.* — اُلجھانا، معنی پھیرنا، بل دینا، بٹنا

twit (twit) *v.t.* سوزش کرنا' خفا ہونا' ملامت کرنا' طعنہ دینا' ستانا

twitch (twich) *v.t.* جھٹکنا' کھینچنا

twitter (twit'ur) *v.i.* چوں چوں کرنا

two (to) *adj.* دو

two-edged (too-ejd) *adj.* دودھاری

type (tip) *n.* نشان' نمونہ' چھاپے کا لفظ

typhoid *adj. & n.* میعادی بخار' تپ محرقہ

typhoon (ti-foon) *n.* سخت طوفان

typify (tip'i-fi) *v.t.* علامت سے ظاہر ہونا یا کرنا' مثالی بن کے دکھانا

typography (ti-po-gra'fi) *n.* چھاپنے کا فن' ٹائپ نگاری

tyrannical (tir-an'ni-kal) *adj.* پُر زور' ظالمانہ' پُر جور

tyrannise (tir-an'niz) *v.i.* ستم کرنا' ظلم ڈھانا' ستانا' ظلم و جور سے حکومت کرنا

tyrannous (tir-an'us) *adj.* ستم گر' ظلم' غاصب' ظلم و جبر کا

tyranny (tir-ran-i) *n.* ستم، ظلم، جور و جفا، جابرانہ حکومت

tyrant (tir'ant) *n.* جفاکار، ستم گر، جابر، ظالم، غاصب

U

u (u) *n.* انگریزی حروفِ تہجی کا اکیسواں حرف، یورینیم کی علامت

uberty (u-bur-ti) *n.* افراط، بار آوری، کثرت، ثمرداری

ubiquity (u-bik'wi-ti) *n.* ہر جا حاضری، ہر جگہ موجود

udder (ud'er) *n.* تھن، پستان، حوانہ، کھیری

ugly (ug'li) *adj.* بدشکل، کراہیہ منظر، بدصورت، بد اخلاق

ugliness *n.* بدصورتی، بدنمائی، بدہیتی، مکروہیت، بھونڈاپن، بدہیئتی

ulcer (ul'sur) *n.* — قرحہ، ناسور، ایک قسم کا پھوڑا جس میں سے پیپ نکلتی ہے

السر

ulcerate (ul'sur-at) *v.i. & t.* — ناسور ہونا، ناسور کرنا

ulceration (ul-sur'a-shun) *n.* — ناسور، پھوڑے کا جڑ پکڑنا، ناسور کا جڑ پانا

ulna (ul'na) *n.* — بازو کی بڑی ہڈی

ultimate (ul'ti-mat) *adj.* — انتہائی، دور، آخری، قطعی، حتمی، مطلق، اصلی، مختتم

ultimatum (ul-ti'ma-tum) *n.* — آخری بات یا شرط، دھمکی، الٹی میٹم، حرف آخر، تمام حجت

ultimo (ul'ti-mo) *adj.* — گزشتہ ماہ کا

ultramarine (ul-tra ma'rin) ❶*adj.* — سمندر پار

❷ *n.* — ایک قسم کا نیلا رنگ

umbo (un'bo) *n.* — قبہ، ڈھال کا ابھرا ہوا حصہ، ڈھال کا پھول

umbrage (um´braj) *n.* ناراضگی، تاریکی، خفگی، کدورت، سایہ، چھاؤں، پرچھائیں

umbrageous (um-braj´us) *adj.* سایہ دار، دھندلا، رنجیدہ خاطر، آزردہ، خفا، دل برداشتہ

umbrella (um-brel´a) *n.* چھتری، چھاتا، چھتر، چتر

umbrella

umpire (um´pir) *n.* سرپنچ، ثالث، امپائر

unabashed *adj.* بے شرم، ڈھیٹ، غیر محجوب

unable *adj.* ناقابل، قاصر

unabridged *adj.* غیر اختصار شدہ، غیر مختصر، مکمل، جامع، محیط، بلا

unaccomplished *adj.* — ادھورا، مکمل طور پر پیش نہ کیا گیا، نوآموز، ناتمام، بے ہنر، بے سلیقہ

unaccountable (un-ak-kownt' a-bl) *adj.* — بلا دلیل، بلا جواب، نا جواب دہ

unanimity (un-ne-nim'i-ti) *n.* — اتفاق رائے، یک دلی، ہم کلامی، اتحاد، باہمی رضامندی، ہم آہنگی

unanimous (u-nan-i'mus) *adj.* — یکدل، متفق، با اتفاق رائے، یک رائے

unassuming (un-as-sum'ing) *adj.* — سادہ، حیادار، بے زعم، پیچھے پیچھے رہنے والا، سیدھا سادا، بے ریا، منکسر المزاج

unavailing (un-aval'ing) *adv.* — لا حاصل، بے فائدہ، بے تاثیر، فضول، غیر کارآمد، غیر مفید

unaware (un-a-war) *adj.* — غافل، بے خبر، یکایک، اچانک، ناواقف، ناگہاں، انجان

unbar (un-bar) *v.t.* بے اعتقادی' بے دینی' کفر' الحاد' عدم اعتماد

unbelieving (un-be-lev'ing) *adj.* بے دین' نا معتقد' منکر' کافر' بے ایمان

unbend (un-bedn) *v.t.* کھولنا' ڈھیلا کرنا' سیدھا کرنا' ستانا' آزاد کرنا

unbias (un'bi-as) *v.t. & i.* طرفداری سے بری کرنا' بے لوث کرنا

unblemished (un'blem-ish) *adj.* تازہ' بے داغ' بے عیب' بے نقص

unblest (un-blest) *adj.* نامبارک' ناشاد' زبوں' کمبخت' ملعون' غیر مقدس

unblushing (un-blush-ing) *adj.* بے شرم' بے حیا' ڈھیٹ' بدتمیز' شوخ چشم

unbosom (un-bo'sum) *v.t.* بھانڈا پھوڑنا' راز فاش کرنا' بھید کھولنا' ظاہر کرنا

unbroken (un-brok-un) *adj.* ناشکستہ' پورا' مکمل' ثابت' صحیح' سالم' متواتر

unbuckle (un-buck'l) *v.t.* بکسوا کھولنا یا کسی کے بکسوے کھولنا

unburden (un-bur-den) *v.t.* بوجھ اتارنا' ہلکا کرنا' سبکدوش کرنا' جی ہلکا کرنا

unceremonious (u-ser-e'mo- ni-us) بے تکلف' سادہ' آسان' روکھا

adj.

uncertain (un-sur-tan) *adj*. مشتبہ' مشکوک' غیر یقینی

uncertainty (un-sur-tan-ti) *n*. بے اعتباری' شک' اشتباہ' غیر یقینی کیفیت

unchanged (un-chanj-ed) *adj*. نہ تبدیل ہونے والا' غیر متغیر

uncharitable (un 'chari-ta-bl) *adj*. تنگدل' بے فیض' بدخواہ' غیر فیاضانہ' سخت گیر' بے رحم

unchaste (un-chast) *adj*. بے عصمت' فاحشہ' ناپاک' بدچلن' بدکردار' ناشائستہ

uncivil (un-siv-il) *adj*. بداخلاق' بے مروت' اجڈ' غیر مہذب' اکھڑ' بدتمیز

uncivilised (un-siv-il-iz'd) *adj*. بے سلیقہ' ناشائستہ' اکھڑ' غیر متمدن' غیر مہذب' جنگلی

uncle (ung'kl) *n*. چچا' ماموں' تایا' پھوپھا' انکل

unclean (un-keln) *adj.* ناصاف، میلا، پلید، گندا

uncleanness (un-klen-nes) *n.* ناپاکی، کدورت، گندگی، نفس پرستی، نجاست، غلاظت

unclose (un-kloz) *v.t.* کھولنا، ظاہر کرنا، وا کرنا، افشا کرنا

unclouded (un-klowd-ed) *adj.* بے ابر، صاف، واضح، غیر مبہم، ظاہر

uncomely (un-kum-li) *adj.* بدزیب، بے ڈول، بدصورت، بدنما، غیر وجیہ

uncomfortable (un-kum-fort- a-bl) *adj.* بے آسائش، بے آرام

uncommon (un-komon) *adj.* انوکھا، شاذ و نادر، غیر معمولی، نادرالوجود، عجیب و غریب

uncommonly (un-komon-li) *adv.* نرالے طور پر، انوکھے طور سے، غیر معمولی طور پر، شاذ و نادر

uncompleted *adj.* نامکمل، غیر سالم، ادھورا، عیب دار

uncomprehending *adj.* غیر تفہیمی، غیر ادراک پذیر، ناقابل شمول، ناقابل تصور

uncompromising (un-kom-pro-miz-ing) *adj.* نارضامند، غیر مصالحانہ

unconcern (un-kon-surn) *n.* بے غرضی، بے پروائی، بے اعتنائی، لاتعلقی

unconditional (un-kon-di- shun-al) *adj.* غیر مشروط، بے قید، قطعی

unconformity (un-kun-for-mi- ti) *n.* نامطابقت، ناموافقت، عدم مطابقت، غیر مشابہت

unconnected (un-kun-ekt-ed) *adj.* بے جوڑ، بے ربط، بے میل

unconquerable (un-kong-ker- a-bl) *adj.* جو مغلوب نہ ہو، ناقابل تسخیر

unconscious (un-kon-shus) *adj.* بے ہوش، ناواقف، نادان، بے خبر

unconsciously (un-kon-shus- li) *adv.* نادانی سے، نادانستہ، ناواقفیت سے، غیر شعوری طور پر

uncontested (un-kon-test-ed) *adj.* بغیر چوں چرا کے، بلا حیل و حجت، بلا مقابلہ، اتفاق رائے سے

uncontrollable (un-kon-trol-a- bl) *adj.* بے روک، بے قابو، بے لگام، بے ضبط، سرکش

uncouple (un-kupl') *v.t.* کھول دینا، ڈھیلا کرنا، کتوں کو چھوڑ دینا

uncourteous (un-kort-yus) *adj.* بد اخلاق، بے مروت، بے تمیز، ناشائستہ، غیر مہذب

uncouth (un-koth) *adj.* بے ڈول، بھدا، بھونڈا، بے سلیقہ، گنوار

uncover (u-kuv-ur) ❶ *v.t.* پردہ دور کرنا، ظاہر کرنا، کھولنا

❷ *v.i.* ٹوپی اتارنا

uncultivated (un-kul-ti'vat-ed) *adj.* غیر مزروعہ، غیر آباد، بے ترتیب، ناشائستہ، غیر مہذب

undaunted (un-dawnt-ed) *adj.* بے دھڑک، بے خوف، نڈر، بے باک، دلیر، بہادر

undeceive (un-de-sev) *v.t.* دھوکا دُور کرنا' کی غلط فہمی دُور کرنا' سمجھانا

undecided (un-de-sid-ed) *adj.* بلا فیصلہ شدہ' غیر طے شدہ' متذبذب' زیرِ غور

undeniable (un-den-i-a-bl) *adj.* جس سے انکار نہ ہو سکے' ناقابلِ تردید

under (un'dur) *prep.* زیر' نیچے' تلے' کم' اندر

undergo (un-der-go) *v.t.* برداشت کرنا' سہنا' جھیلنا

underground *adv.* سطح زمین کے نیچے' زیرِ زمین' جیسے زیرِ زمین ریلوے

undergound

undergrowth (un-der-growth) *n.* جھاڑ جھنکار جو درختوں کے نیچے اُگے ہوں

underhand (un-der-hand) *adj.* خُفیہ' پوشیدہ' در پردہ' مکارانہ' چپکے چپکے

underline (un-dur-lin) *v.t.* لفظوں کے نیچے خط کھینچنا

underling (un-der-ling) *v.t.* ماتحت، زیردست، پچھواڑی عہدیدار

undermine (un-der-min) *v.t.* سُرنگ لگانا، نقب زنی کرنا، برباد کرنا، ضرر پہنچانا، ایذا پہنچانا، کمزور ہونا

underneath (un-der-neth) *adv.* نیچے، زیر، تلے

underrate (un-der-rat) *v.t.* کم قیمت ٹھہرانا

undersign (un-der-sin) *v.t.* دستخط کرنا

understand (un-der-stand) *v.t.* بُوجھ لینا، سمجھنا، معلوم کرنا، جاننا، تاڑنا

understanding (under-stand- ing) *n.* سمجھ، ادراک، عقل، فہم

undertake (un-der-tak) *v.t. & i.* اُٹھنا، مشغول ہونا، بیڑا اٹھانا، ذمہ لینا

undertaker (un-der-tak-ur) *n.*

	اعتبار کرنے والا' تجہیز و تکفین کا انتظام کرنے والا
undertaking *n.*	ضمانت' کام' مہم یا ذمہ داری' کوئی وعدہ یا عہد مُردوں کی تجہیز و تکفین کا انتظام یا پیشہ
underwear *n.*	زیر جامہ
underwriter (un-der-rit-ur) *n.*	بیمہ کار' بیمہ کرنے والا
undeserved *adj.*	ناواجب' ناحق' بلا استحقاق' غیر مستحق' ناسزاوار
undeserving *adj.*	غیر مستحق' حق نہ رکھنے والا' بے لیاقت' ناقابل' نالائق
undesirable (un-de-zir-a-bl) *adj.*	نامناسب' ناروا' ناپسندیدہ' قابل اعتراض
undetermined (un-de-tur- mind) *adj.*	بلا تجویز' غیر مقرر' بے قرار' غیر معیّن' بلا تعیّن
undisguised (un-dis-gizd) *adj.*	بے ریا' صاف' ناساختہ
undisputed (un-dis-put-ed) *adj.*	بے بحث' غیر متنازعہ

undisturbed (un-dis-turbd) *adj.* بے حرکت، بے آرام، خاموش، بلا مزاحمت

undivided (un-de-vid ed) *adj.* غیر منقسم، کل، سالم، پورا

undo (un'doo) *v.t.* روکرنا، کھولنا،

سلجھانا، ختم کرنا

undoing (un-do'ing) *n.* منسوخی، بربادی، تباہی، کیے ہوئے کام کو الٹا کرنے کا عمل

undone *adj.* نامکمل

undoubted (un-dowbt'ed) *adj.* بے شبہ، غیر مشتبہ، یقینی، بے شک، بدیہی، لاریب

undress (un-dres) *v.t.* کپڑے اتارنا، ننگا کرنا، پٹی اتارنا

undulate (un-du'lat) *v.t.* ہلنا، لہرانا، ہلکورے لینا

unduly (un-du'li) *adv.* نامناسب، بے جا، خواہ مخواہ، ناجائز، حد سے زیادہ

unearth (un-urth) *v.t.* زمین سے اکھاڑنا، کھودنا، دریافت کرنا، ظاہر کرنا

uneasy *adj.* بے سکون، بے آرام

uneasiness (un-ez-i-nes) *n.* بے قراری، بے چینی، اضطراب، بے کلی، گھبراہٹ، پریشانی

unemployed *adj.* بیروزگار

unevenness (un-even'nes) نشیب وفراز، ناہمواریت

unfaithful *adj.* بے وفا، بے ایمان، وعدہ شکن

unfamiliar *adv.* اجنبی، ناواقف

unfasten (un-fas'n) *v.t.* ڈھیلا کرنا، کھولنا

unfinished *adj.* نامکمل، ادھورا

unfit (un'fit) ❶ *adj.* نامناسب

❷ *v.t.* نااہل قرار دینا، غیر مناسب بنا دینا

unflinching *adj.* بے جھجک، بلا ہچکچاہٹ، بلا پس و پیش، مُصمم، مضبوط، اٹل، سخت

unflinchingly *adv.* بلا جھجک انداز سے، بلا ہچکچاہٹ کے، مضبوطی سے

unfold (un'fold) *v.t.* منکشف کرنا، کھولنا، وا کرنا، اِفشا کرنا

unfortunate *adj.* بدنصیب، بُری قسمت والا، بدقسمت، ناخوش

unfruitful *adj.* بے ثمر، جو پھل نہ دے یا اپنی نسل آگے نہ بڑھائے، بنجر، بانجھ، لاحاصل یا بے اثر، اوسر

unfurl (un'furl) *v.t.* کشادہ کرنا، پھیلانا، کھولنا، لہرانا

unfurnished *adj.* غیر آراستہ، بے فرنیچر، بے ساز و سامان

ungainly (un-gan-li) *adv.* بے ڈھب، بدنما، بے ڈھنگم

ungrateful *adj.* ناشکرگزار، ناپسندیدہ، احسان فراموش

unguent (un'ju-ent) *n.* لیپ، مرہم، زخموں پر لگانے کی دوا

unhand (un'hand) *v.t.* ہاتھ سے جانے دینا، چھوڑ دینا

unhappiness *n.* افسوس، ناخوشی، بدبختی

unhappy *adj.* ناخوش، اداس، غمزدہ

uniform (u-ni-form) ❶*adj.* ہم شکل، یکساں، وردی، یونیفارم،

❷ *n.*

uniformity (un'ni-form-i-ti) *n.* مشابہت، ہم صورتی، ہم شکلی، موافقت، یکسانیت، ہم رنگی

union (u'ni-un) *n.* ملاپ، متحدہ جماعت، اتحاد

unique (u-nek) *adj.* یکتا، بے نظیر، لاثانی، انوکھا، عدیم المثال، منفرد

unit (u'nit) *n.* واحد، اکائی، ایک یونٹ، وحدت

unite (u-nit) *v.t.* شامل کرنا، ملانا، ایکا کرنا، متحد کرنا، متفق ہونا

unity (u'ni-ti) *n.* وحدت، توحید، اتحاد، یکجہتی، ایکا

universal (u-ni-vers'al) *adj.* عالمگیر، کُل، بحیثیتِ مجموعی، آفاقی، ہمہ گیر، عام، عمومی

universe (u'ni-vurs) *n.* مخلوقات، جہان، عالم، کائنات

university (u-ni-vur'si-ti) *n.* یونیورسٹی، جامعہ العلوم، دارالعلوم

unjust *adj.* غیر منصفانہ، نامناسب، ناروا

unkind *adj.* نامہربان، بےدرد، بےمروّت، بےرحم، بدلحاظ

unknown *adj.* نامعلوم، نامانوس، اجنبی، انجان، غیر معروف

unlace (un-las) *v.t.* پوشاک اُتارنا، تسمہ کھولنا

unlearn (un-lern) *v.t.* سیکھا ہوا بُھول جانا، فراموش کرنا، بھلا دینا

unless (un'les) *conj.* جب تک نہیں، اگر نہیں، بجز، تاکہ

unload (un-lod') *v.t.* بوجھ اُتارنا، ہلکا کرنا، مال گاڑی خالی کرنا

unlock (un-lok') *v.t.* کھولنا، تالا کھولنا، قفل کھولنا

unlucky *adj.* بدقسمت، بدنصیب، بدبخت

unmake (un-mak) *v.t.* خراب کرنا، مٹا دینا، نابود کر دینا

unman (un-man') *v.t.* نامرد کرنا، بے دل کرنا، بے ہمت کرنا، مردانہ صفات سے محروم کرنا

unmask (un-mask') *v.t. & i.* آشکارا کرنا، افشا کرنا، برقع اتارنا، پردہ فاش کرنا، بے نقاب کرنا

unmuffle (un-mufl) *v.t.* غلاف دور کرنا، بے نقاب کرنا، نقاب اتارنا

unnerve (un-nurv) *v.t.* ناتواں کرنا، ناطاقت بنا دینا، شل کر دینا

unpack (un-pak) *v.t.* کھولنا، گٹھڑی کھولنا

unpaid (un-pad) *adj.* غیر وصول شدہ، ادا نہ کیا ہوا، واجب الوصول

unpalatable (un-pal-a-ta bl) *n.* بے مزہ، بے ذائقہ، بے سواد، ناگوار، تلخ، کڑو

ا

unparalleled (un-pal-a-ta bl) *n.* بے مزہ، بے ذائقہ، بے سواد، ناگوار، تلخ، کڑوا

unparalleled (un-pr-al-el-ed) *adj.* بے نظیر، بے مثال، یکتا

unperceivable (un-pur-cev-a- bl) ظاہراً معلوم یا محسوس نہ ہونے والا

adj.

unpin (un-pin) *v.t.* نتھی یا پن کھول دینا، کھولنا، پن نکال دینا

unpleasant (un-ple-zent) *adj.* ناخوشگوار، ناپسندیدہ، غیر دلچسپ

unpleasing (un-ple-zing) *adj.* ناخوشگوار، ناپسندیدہ، غیر دلچسپ

unpleasing (un-ple-zing) *adj.* غیر دلچسپ، ناخوشگوار، بے لطف، ناگوار

unpopular *adj.* ناپسندیدہ، غیر مقبول

unpractised (un-prak-tis-ed) *adj.* ناآزمودہ، اناڑی، ناتجربہ کار

unprejudiced (un-pre-ju-disd) *adj.* غیر متعصب، بے طرفدار، بے لاگ، غیر جانبدار

unprepared (un-pre-pard) *adj.* غیر مستعد٬ جو تیار نہ ہو

unpretending (un-pre-tend- ing) *adj.* بے تصنع٬ حلیم٬ سادہ

unprincipled (un-prin-si-peld) *adj.* بے اصول٬ بد اطوار٬ ناہنجار٬ ابن الوقت

unproductive (un-pro-duk- tiv) *adj.* بنجر٬ غیر نفع بخش٬ غیر پیداواری٬ ناکام٬ بانجھ٬ فضول٬ ناکارہ

unprofitable (un-pro-fit-a-bl) *adj.* لاحاصل٬ بے فائدہ

unpromising (un-pro-mis-ing) *adj.* جو ہونہار نہ ہو٬ ناخلف

unpropitious (un-pro-pit-i-us) *adj.* ناموافق٬ ناسازگار٬ نامبارک٬ منحوس

unprotected (un-pro-tekt-e) *adj.* بے حمایت٬ غیر محفوظ٬ بلا حفاظت

unproved (un-proovd) *adj.* بے ثبوت٬ مشتبہ

unpublished (un-pub-lish-ed) *adj.* غیر مشہر٬ غیر مطبوعہ٬ غیر شائع شدہ

unqualified (un-kwa-li'fid) *adj.* نااہل٬ غیر مشروط

unquestionable (un-kwest' yon-a-bl) *adj.* لا کلام٬ کامل٬ یقینی٬ مسلمہ٬ بلاشبہ٬ ناقابل تردید

unquiet (un-kwi 'et) *adj.* بے چین٬ بے آرام٬ مضطرب٬ بے سکون٬ بے قرار

unravel (un-ravl) *v.t.* سلجھانا' ادھیڑنا' بھید کھولنا' راز افشا کرنا

unreal (un-rel) *adj.* غیر حقیقی' خیالی' بے وجود

unreasonable (un-rezon-a-bl) *adj.* نامعقول' بعید از عقل' نا روا

unrefined (un-re-fin-ed) *adj.* ناشائستہ' ناصاف' گنوار' غیر مہذب

unrelenting (un-relent-ing) *adj.* بے رحم' بے درد' سنگدل' کٹھور' پتھر دل

unreliable (un-reli-a-bl) *adj.* ناقابل اعتبار' بے ایمان' غیر معتبر' ناقابل اعتماد' غیر ذمہ دار

unremitting (un-re-mit-ting) *adj.* بلاناغہ' متواتر' لگاتار' مسلسل' دائمی

unrestraint (un-res-trant) *n.* بے ضبطی' بے قیدی' بندش سے آزادی

unriddle (un-ridl) *v.t.* حل کرنا' تشریح کرنا' گتھی سلجھانا' پہیلی بوجھنا

unrighteous (un-ri-chus) *adj.* باطل' بدمعاش' ناپاک' فاسق' گنہگار' بددیانت

unripe (un-rip) *adj.* نہ پکا ہوا' کچا

unrivalled (un-ri-val-ed) *adj.* لاثانی' یکتا' بے نظیر' بے مثال' بے مقابل' بے حریف

unroll (un-rol) *v.t.* بل کھولنا' ادھیڑنا' کھولنا

unroof (un-roof) *v.t.* چھت یا چھپر اتارنا' پردہ یا غلاف اتارنا

unruffled (un-ruf'ld) *adj.* بے لگام' فسادی' سرکش' غیر مطیع' باغی' قابو سے باہر

unsafe (un-saf) *adj.* غیر محفوظ' خطرناک

unsatisfactory (un-satis'fak- tori) *adj.* جس سے تسکین نہ ہو' غیر تسلی بخش

unsay (un-sa) *v.t.* بات پلٹ جانا' مکر جانا' منسوخ کرنا' بیان واپس لینا' انکار کرنا

unscrew (un-skew) *v.t.* پیچ کھولنا

unseen *adj.* نظر نہ آنے والے، نادیدہ

unselfish (un-sel-fish) *adj.* بے غرض، دوسروں کا خیال رکھنے والا، فیاض

unsettle (un-set'l) *v.t.* اُکھاڑنا، درہم برہم کرنا، مضطرب کرنا، غیر یقینی بنانا

unsightly (un-sit-li) *adj.* بدنما، کریہ منظر، مکروہ

unsought *adj.* بے مانگے، بن بلائے، بے طلب

unstable *adj.* ناپائیدار، متذبذب، غیر مُستحکم، بے قرار، کمزور، غیر مستقل

unstring (un-string) *v.t.* تار دُور کرنا، ڈھیلا کرنا، کمزور کرنا

unthrifty (un-thif'ti) *adj.* فضول خرچ، مسرف، اڑاؤ

untie (un-ti) *v.t.* بند دور کرنا، گرہ کھولنا

until (un-til) ❶ *prep.* تک، جب تک

❷ *adj.* تک، جب تک

unto (un'too) *prep.* کو، تک

untoward (un-to-ard) *adj.* سرکش، ضدی، ہٹی، نازیبا، بیجا، ناگوار، تکلیف دہ

untrue (uh-troo) *adj.* جھوٹا' باطل' دروغ

untruth (un-truth) *n.* جھوٹ' دروغ

untune *v.t.* بے میل یا بے سرا کرنا' ابتر کرنا' درہم برہم کرنا

untwist (un-twist) *v.t.* اُدھیڑ' کھولنا' بل نکالنا' علیحدہ کرنا' سلجھانا

unusual *adj.* غیر معمولی' انوکھا' بے دستور' بے قاعدہ' شاذ و نادر

unwearied (un-we-rid) *adj.* نہ تھکا ہوا' ان تھک' تازہ دم

unwelcome *adj.* ناپسند' ناگوار خاطر

unwieldy (un-wil-di) *adj.* جسیم' بھاری' بے قابو' بوجھل' بے ڈھنگا' دشوار

unwind (un-wind) *v.t.* کھولنا' پیچ کھولنا' سیدھا کرنا' بل نکالنا

unwittingly (un-wit-ing-li) *adj.* بے خبری سے' نادانستہ

unworthy (un-wor-thi) *adj.* غیر مستحق' ناقابل' نالائق

unyoke (un-yok) *v.i.*	کھول دینا، جدا کرنا، جوا کھول دینا، آزاد کرنا
up (up) *adv.*	اُونچا، اوج پر، بالا، بلندی پر
upbraid (up-brad) *v.t.*	تہمت دینا، ملامت کرنا، ڈانٹنا، نکتہ چینی کرنا
upheave (up-hev) ❶ *v.t.*	اُوپر اُٹھانا، اُٹھانا
❷ *n.*	اُوپر اُٹھنا، اُبھار
uphill (up-hev) *adj.*	مُشکل، دشوار، برقرار رکھنا،
uphold (up-hold) *v.t.*	اُٹھانا، تھامنا
upland (un-land) *n.*	اُونچی زمین
uplift (up-lift) *v.t.*	اُونچا کرنا، اُٹھانا، بلند کرنا، ترقی دینا
upon *prep.*	اُوپر، پر، بالا
upper (up-ur) *adj.*	اُوپر والا، اُوپر کا، بالاتر
upperhand (up-ur-hand) *n.*	فوقیت، سبقت، بالادستی، تفوق

upright (up-rit) *adj.* مستقیم، سیدھا، دیانت دار، راست باز

uproar (up-ror) *n.* غوغا، فساد، شور و غُل

uproot (up-root) *v.t.* جڑ سے اُکھاڑ ڈالنا، بیخ کنی کرنا

upset (up-set) *v.t.* اوندھا کرنا، اُلٹ دینا، درہم برہم کرنا، تہ و بالا کرنا

upshot (up-shot) *n.* نتیجہ، خاتمہ، اختتام، انجام، ماحصل

upside-down *adv & adj.* اوندھا، اُلٹا، درہم برہم

upside-down

upstairs *adj.* اوپر، بالائی منزل

upstart (up-start) *n.* نیا بڑھا ہوا، نوخیز، نودولت مند، نودولتیا

upward (up-ward) *adj.* اُوپر کی طرف

urbane (ur-ban) *adj.* — صاحب مروت، خلیق، سلیقہ شعار، شائستہ، مہذب، خوش خلق

urbanity (ur-ban-i-ti) *n.* — خوش اخلاقی

urchin (ur-chin) *n.* — چھوکرا، شوخ چنچل لڑکا، خارپشت

urge (urj) *v.t.* — لاچار کرنا، دبانا، مجبور کرنا، تقاضا کرنا

urgency (ur-jen-si) *n.* — ضروری، تاکیدی، لابدی، لازمی

urgent *adj.* — فوری، تاکیدی، اشد ضروری، پُراصرار، لازمی، ارجنٹ

urine (u-rin) — پیشاب، بول، مُوت

urn (urn) *n.* — صراحی، کوزہ، ایک برتن جس میں زمانہ سلف میں مُردوں کی خاک رکھی جاتی تھی

us (us) *pron.* ہمیں٬ ہم کو

usage (us-aj) *n.* برتاؤ٬ سلوک٬ رسم

use (us) *n.* مصرف٬ استعمال

❷ *v.t.* استعمال کرنا٬ مصرف میں لانا

useful (us-fool) *adj.* مُفید٬ کارآمد٬ فائدہ مند

useless (uz 'less) *adj.* بےفائدہ٬ لاحاصل٬ فضول

usher (ush 'ur) *n.* مُلاقات کرانے والا٬ نائب مدرس٬ نشستوں پر بٹھانے
والا

usual *adj.* عموماً٬ حسبِ دستور٬ عام

usually (u 'zhu-al-i) *adv.* بالعموم٬ بدستور٬ عموماً

usurer (u-zhu-ur) *n.* ناجائز سُود خوار٬ غیر قانونی سود خور

usurious (u-zhu-ri-us) *adj.* بہت سُود لینے والا٬ سود خوری سے متعلق

usurp (u-zurp) *v.t.* ناحق لینا، جبراً لینا، ضبط کرنا، غصب کرنا

usury (u-zhu-ri) *n.* سُود نا جائز، بہت زیادہ سُود لینا، ناحق لینا، سود خوری، بھاری سود

utensil (u-ten-sil) *n.* باورچی خانہ کے برتن، آلہ

utilitarian (u-til 'i-tar-i-an) ❶ *adj.* افادیت پسند، افادی

❷ *n.* مطلب پرست

utility (u-til 'i-ti) *n.* سودمندی، مطلب، فائدہ، استعمال، افادیت، شفقت

utilize (u 'til-iz) *v.t.* مصرف میں لانا، فائدہ اٹھانا، کام میں لانا، استفادہ کرنا

utmost (ut 'most) *n.* ازحد، نہایت، قطعی، حتی المقدور

utter (ut 'ur) ❶ *adj.* ازحد، مکمل، بالکل

❷ *v.t.* کہنا، بیان کرنا

utterance (ut 'ur-ans) *n.* لہجہ، تلفظ، گفتار، ارشادات، معروضات

utterly (ut-ur'li) *adv.* مکمل طور پر' قطعاً

uttermost (ut-ur-most) *adj.* نہایت' تمام تر' حتی المقدور' بہت' دور کا' بعید ترین

uxorious (uks-o'ri-us) *adj.* زن مرید' جورو کا غلام' زن پرست

V

v (ve) *n.* انگریزی حروف تہجی کا بائیسواں' پانچ کا عدد ظاہر کرنے والا حرف' رومی ہندسہ

vacancy (va'kan-si) *n.* خالی ہونے کی کیفیت' شگاف' بے شغلی' خالی عہدہ یا اسامی' خلا

vacant (va-kant) *adj.* خالی' بے شغل' نکما' غیر دلچسپی ظاہر کرتا ہوا

vacantness *n.* خالی پن' کھوکھلا پن

vacate (va-kat) *v.t.*	خالی کرنا' قبضہ ترک کرنا' منسوخ کرنا
vavation (va-ka-shun) *n.*	فرصت' تعطیل' وقفہ
vaccinate (vak-sin-at) *v.t.*	(چیچک وغیرہ) کا ٹیکہ لگانا' نشتر لگانا
vaccination (vak-si-na-shun) *n.*	چیچک کے ٹیکے کا عمل' جدرین کاری
vaccine, (vak-sin) ❶*adj.*	گائے کے چیچک کا
❷— *n.*	گائے کے ٹیکے کا عمل' چیچک کے ٹیکے کی دوا
vacillate (vas-il-lat) *v.i.*	لہرانا' پس و پیش کرنا' کشمکش و پیچ کرنا' جھومنا' ڈانواں ڈول ہونا' لڑکھڑانا' ڈگمگانا' ٹیڑھا میڑھا چلنا
vacillation (vas-il-a-shun) *n.*	پس و پیش' ملتون مزاجی' تزلزل' بے قراری' لڑکھڑاہٹ
vacuity (va-ku-i-ti) *n.*	کھلا' خالی جگہ' خلا' سناٹا' بے خیالی' بے شعوری

vacuous (va-ku-us) *adj.*	خالی' سنسان' خیالات یا سمجھ سے خالی' احمق' گھامڑ' بے مغز' بے مقصد' غیر مصروف' کاہل' بے معنی
vacuum (vak-u-um) *n.*	جوف' خلا
vacuum cleaner	
vagabond (vag-a-bond) *adj.*	آوارہ گرد' ہرجائی' خانہ بدوش' سیلانی' بے ٹھکانہ' بدنام
vagary (va-gar-i) *n.*	پریشان خیالی' ترنگ' موج' انوکھا خیال' وہم' خودسری
vagina (vi-ji-na) *n.*	فرج' اندام نہانی' رحم کا راستہ' نیام' غلاف
vagrancy (vag-ran-si) *n.*	کوچہ گردی' آوارگی' خانہ بدوشی کی زندگی
vagrant (vag-rant) *n. & adj.*	آوارہ' خانہ بدوش' ہرجائی' نکما' سیلانی' اوباش

vague (vag) *adj.* بے ٹھکانہ، غیر محدود، مشکوک، مبہم، دھندلا، ماند، بے معنی

vail *v.t.* نیچے لانا یا گرانا، نیچے جانا، گرنے دینا، (قدیم) اتارنا، (تعظیم کی خاطر ٹوپی)

vail (val) ❶ *v.i.* فائدہ مند ہونا

❷ *n.* فائدہ، بخشش، انعام

vain (van) *adj.* بے سود، لاحاصل، بے فائدہ

vainglorious (van-glo-ri-us) *adj.* شیخی باز، لاف زن، ڈینگیا، شیخی خوردہ

vainglory (van-glo-ri) *n.* جھوٹا فخر، شیخی، گزاف

vale (val) *n.* درّہ، گھاٹی، وادی

valediction (val-e-dik-shun) *n.* الوداع، رخصت، خدا حافظ

valet (val 'et) *n.* خدمت گار، نوکر، چاکر

valetudinarian (val-e-tud-in-ar-i-an) ❶ *adj.* بیمار، روگی

❷ *n.* دائمی مریض، جنم روگی

valiant (val-i-ant) *adj.* دلیر، بہادر، جوانمرد، نڈر

valid (val-id) *adj.* جائز، قطعی، دُرست، مضبوط

validate *v.t.* جائز ٹھہرانا، قانون کے مطابق بنانا

validity (val-id-i-ti) *n.* مضبوطی، دُرستی، واجبیت، جواز، صحت

valise (val-iz) *n.* جادانی، بُقچہ، چھوٹا بیگ، سفری بیگ یا تھیلا

valley (val i) *n.* وادی، گھاٹی، ویلی، مرغزار

valley

valorous (val-or-us) *adj.* بہادر، جوانمرد، نڈر، دلیر، مردِ میدان، حوصلہ مند

valour (val-ur) *adj.* بہادر، شجاعت، جوانمردی، دلیری، ہمت

valuable (val-u-a-bl) ❶*adj.* بیش قیمت' قابل قدر' بیش بہا' کارآمد

❷ *n.* قیمتی سامان و اسباب' قیمتی اشیاء

valuation (val-u-a-shun) *n.* قیمت' تخمینہ' قیمت کا اندازہ' مالیت

value (val-u) *n.* اہمیت' قدر' قیمت' مالیت

valueless *adj.* ناچیز' بے صرف' بے قدر' بے وقعت' نکما' ناکارہ

valuelessness *n.* بے مری' نکماپن' بے وقعتی' بے قدری

valve (valv) *n.* دروازہ' سوراخ کا ڈھکنا' جو صرف ایک طرف کھلے' دریچہ'

والو

vamp (vamp) ❶*n.* بدچلن عورت جوتی کے اوپر کا چمڑا

❷ *v.t.* گانٹھ گانٹھ کرنیا بنانا

vampire (vam-pir) *n.* شیطان' جن بھوت' ایک قسم کا چمگادڑ

van (van) *n.* فوج کا اگلا حصہ' جہاز' سامان لے جانے کی بند گاڑی'

وین

van

vandal (van-dal) *n.* وحشی' جاہل' غارت گر' تہذیب سوز' ایک غارت گر قوم

vanguard (van-gawrd) *n.* ہراول دستہ' طلایہ' محافظ دستہ' صف اول

vanish (van-ish) *v.i.* نظر سے غائب ہو جانا' اوجھل ہو جانا

vanity (van-i-ti) *n.* ہلکا پن' خود بینی' خود نمائی' خیال باطل

vanquish (vangk'wish) *v.t.* فتح پانا' زیر کرنا' سر کرنا' غالب آنا' شکست دینا

vantage (van-taj) *n.* سبقت' فضیلت' فوقیت' برتری' تفوق

vapid (vap-id) *adj.* بے جان' روکھا' بے ذائقہ' پھیکا' بے لطف

vapidity (vap-id-i-ti) *n.* بے مزگی' پھیکا پن' بے لطفی

vaporise (va-por-iz) *v.t.* بھاپ بنانا یا بننا' بخارات میں تبدیل کرنا یا ہونا

vaporization (va-por-i'za- shun) *n.* بھاپ یا اس کا عمل تبخیر

vaporous (va'por-us) *adj.* بھاپ بنا' خیالی' بے فائدہ' تبخیری

vapour (va'por) *n.* بخارات' بھاپ' خیال خام

variable (va-ri-a-bl) *adj.* متغیر' تبدیل پذیر' قابل تغیر' غیر مستقل لائق تبدیلی

variableness (va-ri-a-bl-nes) *n.* تبدیل پذیری' تلون

variance (va-ri-ans) *n.* نا اتفاقی' اختلاف' پھوٹ' تغیر' فرق

variation (va-ri-a-shun) *n.* تبدیلی' تجاوز' فرق' کمی بیشی' اختلاف' انحراف

varicose (va-ri'koz) *adj.* بڑھی ہوئی' پھولی ہوئی

variegate (va're-gat) *v.t.*	گونا گوں کرنا، رنگ برنگ کرنا
variegation (va-re-ga-shun) *n.*	رنگ برنگی، بوقلمونی، گونا گونی
variety (va-ri'e-ti) *n.*	مختلف، اختلاف، گونا گونی، متنوع
various, (va-ri'us) *adj.*	مختلف، طرح طرح کا، گونا گوں، متعدد
varlet (var-let) *n.*	خدمت گار، بد ذات، رند، خادم، حاشیہ نشین، غلام
varnish (var-nish) ❶ *adj.*	وارنش، روغن
❷ *v.t.*	چمکیلا کرنا، روغن کرنا، زینت دینا
vary, (vari) *v.t. & i.*	تبدیل کرنا، بدل جانا، مختلف ہونا، اختلاف کرنا
vascular (vas-ku-lar) *adj.*	نسیلا، رگ دار
vase (vas) *n.*	برتن، ظرف، زیب و زینت، گلدان، کھوکھلا برتن

vase

vaseline (vas'lin) *n.* مرہم، ویزلین، ایک خوشبودار مومی روغن

vassal (vas'al) *n.* رعیت، اسامی، غلام، مزارع، محکوم، تابع، لگان دار

vassalage (vas'al-aj) *n.* رعیت گری، تابعداری، غلامی، محکومی، حلقہ بگوش

